120215-دروازوں وغیرہ پر دعائیں لٹکانا

سوال

بعض لوگ گاڑیوں اور دروازوں وغیرہ پر سفر اور گھر سے نکلنے اور سوار ہونے کی اور دوسری دعاؤں پر مشتمل اسٹکر چسپاں کرتے ہیں، یہ اسٹکر مختلف اداروں کی جانب سے پرنٹ شدہ ہوتے ایسا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

میرے خیال میں ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ لوگوں کی یاددہانی کے لیے ہے، اور پھر اکثر لوگ یہ دعائیں یاد بھی نہیں کرتے، اس لیے جب آپ ان کے سامنے لکھ کر لگائینگے تو ان کے لیے اسے پڑھنا آسان ہوگا اس میں کوئی حرج نہیں کہ انسان اپنے ڈرائنگ روم میں مجلس کے کفارہ کی دعا لکھ دے تا کہ حاضرین جب وہاں سے اٹھیں تو وہ اللہ سبحانہ وتعالی سے یہ دعا کر لیا کریں.

اور اسی طرح چھوٹے اسٹکر گاڑیوں میں لگانا جس پر سفر کی دعا لکھی ہو اس میں بھی کوئی حرج نہیں " انتہی

الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ

واللہ اعلم .